یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ پاکستان میں اب تک جتنے بحران آئے ان میں غلام اسحاق خاں کا کردار ضرور شامل رہا۔ اور یقیناً وہ کسی کا آلہ کار بن کر یہ خدمات سرانجام دیتا رہا۔ اب بھی بے نظیر کیلئے راستہ ہموار کیا گیا۔ امریکہ کی خواہش پر غلام اسحاق خاں کا مکروہ کردار اب تاریخ کا بد ترین باب بن چکا ہے۔ جسے چند سال قبل انتہائی بھیانک الزامات لگا کر فارغ کیا۔ ان کے خلاف ریفرنس دائر کئے گئے جنہیں پابند سلاسل کیا۔ اب وہی غلام اسحاق خاں کی زبانی پاکباز اور پاکستان کے بہی خواہ بن گئے۔ پیپلز پارٹی کے ایک راہنما شیخ رفیق کے بقول کہ ہماری اس سے بڑی کامیابی اور فتح کیا ہو گی کہ ہم نے غلام اسحاق کا تھوکا اس سے چٹوایا ہے۔

حضرت مولانا محمد عبداللہ مظفر گڑھی اور مولانا محمد مسکین مدرس جامعہ سلفیہ اسلام آباد کی رحلت

کل نفس ذائقہ الموت

گذشتہ دنوں ہماری جماعت کے معروف خطیب اور ممتاز عالم دین حضرت مولانا محمد عبداللہ مظفر گڑھی، خطیب جامع مسجد اہلحدیث صدر راولپنڈی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون" آپ عرصہ دراز سے اسی مسجد میں امامت و خطابت کے فرائض سرانجام دیتے آ رہے تھے۔ اس سے قبل آپ وزیر آباد اور قصور میں بھی خطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ آپ انتہائی ملنسار، خلیق، مہمان نواز، خدا ترس اور ہر دلعزیز شخصیت تھے۔ جو شخص بھی آپ سے ایک مرتبہ مل لیتا آپ کا گرویدہ ہو جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے ایک عرصہ صدر بازار کی